اِزالۃُ الخفاء

عن خلافۃ الخلفاء

مترجم

تالیف

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ

مقامِ خلافت خلفاء راشدینؓ کے فضائل و مناقب تفضیل حضرات شیخینؓ صحابہ کرامؓ کے مراتب خلفاء راشدینؓ کے کارنامے نیز امور خلافت سے متعلق تمام اہم اور معرکۃ الآراء مسائل پر مدلل بحث

قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی

إِزَالَةُ الخفاء

عن خلافة الخلفاء

مترجم

تالیف حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ

مترجمہ

حضرت مولانا اشتیاق احمد صاحب دیوبندی

جلد دوم

قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی

یہ

ازالۃ الخفا مترجم کی جلد دوم

کا

نیا اور مکمل ایڈیشن ہے

جس میں

اس کی فصل ہشتم کا وہ گمشدہ حصہ شامل ہے

جو اب تک "ازالۃ الخفا" کے کسی نسخہ میں موجود نہیں تھا

اب وہ اردو ترجمہ کے ساتھ

پہلی بار

شاملِ کتاب کیا جا رہا ہے

دوم وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَ
السَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبٰى وَ
الْمَسٰكِيْنَ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا أَلَا تُحِبُّوْنَ أَنْ
يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ
اشارت است بصدیق رض باتفاق سوم
لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ أَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ
الْفَتْحِ وَقَاتَلَ قال الواحدی قال
الکلبی فی روایۃ محمد بن الفضل نزلت
فی ابی بکر تدل علی ہذا انہ کان اول
من انفق المال علی رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم و اول من قاتل علی
الاسلام وقال ابن مسعود رض اول من
اظہر الاسلام بسیفہ النبی صلی اللہ علیہ
وسلم و ابوبکر و قد شہد لہ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم بانفاق مالہ
قبل الفتح فی احادیث کثیرۃ
چہارم فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَ
جِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ
قال الواحدی قال عطاء عن ابن عباس
یرید ابابکر و عمر والیا للنبی صلی
اللہ علیہ وسلم علی من عاداہ و نصرانہ
و عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم فی قولہ و صالح المؤمنین
قال صالح المؤمنین ابوبکر و عمر پنجم
وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ
إِحْسَانًا حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا
وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا وَحَمْلُهُ وَ
فِصٰلُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا حَتّٰى إِذَا

دوم وَلَا يَأْتَلِ الخ (۲۴: ۲۲) اور جو لوگ تم میں (دینی) بزرگی اور (دنیوی) وسعت والے ہیں وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں اور چاہیئے کہ یہ معاف کردیں اور درگزر کریں۔ کیا تم یہ بات نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف کردے بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ بالاتفاق اشارہ ہے صدیق رض اکبر کی طرف۔ سوم لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ الخ (۵۷: ۱۰) جو لوگ تم میں سے فتح کے سے پہلے (فی سبیل اللہ) خرچ کرچکے اور لڑچکے سب برابر نہیں ہیں۔ الخ۔ واحدی نے کہا کہ کلبی کا قول ہے محمد بن الفضل کی روایت میں کہ یہ آیت ابوبکر رض کے بارے میں نازل ہوئی۔ یہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ پہلے شخص ہیں جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مال خرچ کیا اور پہلے شخص ہیں جس نے اسلام کے لئے جہاد کیا۔ اور ابن مسعود رض نے کہا کہ سب سے پہلے جس نے اسلام کی مدد اپنی تلوار سے کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ابوبکر رض۔ اور بہت سی احادیث میں ان کے حق میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح سے پہلے ان کے مال خرچ کرنے کی شہادت دی۔ چہارم فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ الخ (۶۶: ۴) تو (یاد رکھو) پیغمبر کا رفیق اللہ ہے اور جبرئیل ہے اور نیک مسلمان ہیں۔ واحدی نے کہا کہ عطاء نے مروی ہے ابن عباس رض سے کہ مراد ہیں ابوبکر رض و عمر رض جو نگہداشت کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر دشمن کے مقابلہ پر اور یہ دونوں آپ کی مدد کرتے تھے۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قول حق تعالیٰ وصالح المؤمنین میں کہ وہ ابوبکر رض و عمر رض ہیں۔ پنجم وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ (۴۶: ۱۵) اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اس کی ماں نے اس کو بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا اور بڑی مشقت کے ساتھ اس کو جنا اور اس کو پیٹ میں رکھنا اور دودھ چھوڑانا تیس مہینے (میں) پورا ہوتا ہے) یہاں تک کہ جب وہ